پریس ریلیز

جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری ، 22لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج ہوا

انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں ،طبی عملہ ہمہ وقت الرٹ رہے:پروفیسر الفرید ظفر

دکھی انسانیت کی بہتر سے بہتر خدمت کا عزم ہمارا طرہ امتیاز ہے :پرنسپل ایل جی ایچ

پی آئی ٹی بورڈ کے نئے نظام کے تحت آؤٹ ڈور مریضوں کا ڈیٹا محفوظ،مفت ادویات کی فراہمی بارے مکمل آگاہی :ایم ایس پروفیسر ندرت سہیل

لاہور 6جنوری:......پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی بہتر سے بہتر خدمت کا عزم لاہور جنرل ہسپتال کے ہیلتھ پروفیشنلز کا طرہ امتیاز ہے، ماضی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے سال 2024 میں بھی مریض دوست پالیسیوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تا کہ پنجاب اور دوسروں صوبوں سے علاج معالجے کے لئے آنے والے افراد کو بروقت طبی سہولیات میسر آسکیں۔اس امر کا اظہار پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کے جائزے اور اجراء کی منظوری کے لئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جہاں ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل ،ڈائریکٹر ایمر جنسی خضر حیات گوندل،انتظامی ڈاکٹرز،ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عبد العزیز و دیگر بھی موجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اپنی گفتگو میں کہا کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں ہوسکتی اور ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکس بیماروں کو بلا امتیاز معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت چاک و چوبند اور الرٹ رہیں۔اس موقع پر میڈیکل سپر نٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ ایمر جنسی اور آؤٹ ڈور میں 2023 کے دوران مجموعی طور پر 22,82,902افراد کو بغیر پرچی فیس طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کی گئیں نیز مخیر حضرات کے تعاون سے مریض و تیماردار کو ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ایم ایس ڈاکٹر ندرت سہیل نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے متعارف کروائے گئے نئے نظام کے تحت آؤٹ ڈور مریضوں کا ڈیٹا محفوظ کیا جا رہا ہے اور یہ سسٹم مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی بارے مکمل آگاہی فراہم کرتا ہے جس سے شہریوں کا سرکاری ہسپتالوں پر اعتماد میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔

پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے انتظامی ڈاکٹرز پر زور دیا کہ وہ مریضوں کے علاج معالجے کے ساتھ ساتھ اُن کے لواحقین کے لئے بھی سہولیات کو مزید بہتر بنائیں اور مانیٹرنگ کے عمل کو مسلسل جاری رکھیں جبکہ ہسپتال کے ماحول کو صحت مند رکھا جائے کیونکہ صحت مند ماحول مریضوں کی جلد صحت یابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے انتظامی ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ تمام شعبوں میں ڈسپلن اور حاضری کو یقینی بنائیں، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کروایا جائے تا کہ ہسپتال آنے والے لوگوں کو مختلف تبدیلیاں نظر آئیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ پنجاب حکومت اور عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے انتظامی ڈاکٹرز اور ملازمین کو اپنے فرائض منصبی لگن اور دلجمعی کے ساتھ ادا کریں اور ادارے کی نیک نامی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔انہوں نے واضح کہا کہ گزشتہ سال کی طرح رواں برس میں بھی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سٹاف کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی۔اس موقع پر سینئر ڈاکٹرز نے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی ہدایات کی رہنمائی میں ادارے کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جنرل ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کو علاج معالجے کی خصوصی سہولتیں فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور ہسپتال کی سالانہ کارکردگی کو ٹیم ورک اور پروفیسر الفرید ظفر جیسے شاندار کپتان کی مرہون منت قرار دیا۔

☆☆☆☆

جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا جائزہ اجلاس، پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر صدارت کر رہے ہیں